# جمعہ کے دن بھول کر ظہر پڑھ لی تو کیا کرے؟

**مجیب:** محمد عرفان مدنی عطاری

**فتوی نمبر:** WAT-1681

**تاریخ اجراء:** 05ذوالقعدۃالحرام1444ھ/26مئی2023ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

جس پر جمعہ کی نماز فرض ہو اور وہ بھول کر جمعہ کے دن جمعہ سے پہلے ظہر کی نماز پڑھ لے تو اب اس کے لیے کیا حکم ہے؟ اور جب یاد آئے تو اس وقت جمعہ ملنے کے امکانات نہ ہوں تو پھر کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جس پر جمعہ کی نماز فرض ہو اور وہ بھول کر جمعہ کے دن جمعہ سے پہلے ظہر کی نماز پڑھ لے تو بھول کر ظہر پڑھنے کی وجہ سے وہ گناہگار تو نہیں ہوگا، لیکن اگر اس وقت یاد آیا کہ جس وقت ظن غالب ہو کہ شہر میں کسی جگہ بھی جمعہ نہیں ملے گا تو اب جمعہ کیلئے جانا فرض نہیں، اور اگر شہر میں کسی جگہ بھی جمعہ ملنے کے امکانات ہوں، اگرچہ وہ جگہ دور ہو تو جمعہ کے لیے جانا ہوگا اور اب جمعہ کے لیے نکلتے ہی ظہر کی نماز باطل ہو جائے گی، اگر جمعہ مل جائے تو پڑھ لے ورنہ ظہر کی نماز پھر سے پڑھے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے: ”ومن لا عذر له لو صلى الظهر قبلها كره كذا في الكنز“ ترجمہ: جس شخص پر جمعہ فرض ہوا گر وہ (جان بوجھ کر) جمعہ کی ادائیگی سے پہلے ظہر پڑھ لے تو ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے، اسی طرح کنز میں ہے۔(فتاوی عالمگیری، جلد1، باب صلاۃ الجمعہ، صفحہ164، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

تنویر الابصار مع در مختار میں ہے: ”(فان فعل ثم) ندم و (سعی) الیھا... (بان انفصل عن) باب (دارہ) (بطل) ظھرہ“ ترجمہ: اگر جمعہ سے پہلے ظہر کی نماز پڑھ لی پھر نادم ہوا اور جمعہ کیلئے اپنے گھر کے دروازے سے نکل گیا تو اس کی ظہر کی نماز باطل ہو جائے گی۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ تنویر الابصار کی اس عبارت (بطل) کے تحت ارشاد فرماتے ہیں: ”قال فی البحر: واطلق أی: فی البطلان فشمل ما اذا لم یدرکھا لبعد المسافۃ مع کون الامام فیھا وقت الخروج او لم یکن

شرع، وھو قول البلخیین "ترجمہ: بحر میں فرمایا کہ بُطلان کو مطلق ذکر کیا تو اس میں وہ صورت بھی شامل ہو جائے گی کہ جب اُسے مسافت کے دور ہونے کے سبب جمعہ نہ مل سکے، اگرچہ جمعہ کے لیے نکلتے وقت امام جمعہ کی نماز میں تھا یا ابھی اس نے نماز شروع نہیں کی تھی اور یہ علمائے بلخ کا قول ہے۔(تنویر الابصار مع الدر المختار و رد المحتار، جلد3، صفحہ34-35، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net